کراچی اورسندھ بھر میں 4، دسمبر کو ہونے والا ایم کیو ایم کا جنرل ورکرز اجلاس ملتوی

حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کے اعلان کے سلسلے میں اجلاس کی تاریخ کا اعلان آئندہ ایک دوروز میں کردیا جائے گا

کراچی۔۔۔3دسمبر2007ء

الیکشن 2008ء کے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کے اعلان کے سلسلے میں کراچی اور سندھ کے دیگر 19 زونوں میں منعقد ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کردیئے گئے ہیں۔حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کے اعلان کے سلسلے میں جنرل ورکرز اجلاس کی تاریخ کا اعلان آئندہ ایک دوروز میں کردیا جائے گا۔تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کے اعلامیہ کے مطابق مورخہ 4، دسمبر بروز منگل کو ایم کیو ایم کے زیراہتمام کراچی اور سندھ کے 19 زونوں میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیا جانا تھا تاہم یہ اجلاس ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کردیا گیا ہے۔عام انتخابات کیلئے حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کے اعلان کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز اجلاس کی تاریخ کا اعلان آئندہ ایک دوروز میں کردیا جائے گا۔

الطاف حسین کی والدہ محترمہ کی 22ویں برسی ملک بھر میں منائی جائے گی

کراچی سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہونگے

کارکنان وعوام قرآن خوانی کے اجتماعات میں بھرپور شرکت کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔3دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22ویں برسی کے سلسلے میں مورخہ 5، دسمبر بروز بدھ کو ملک بھر میں مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد کیا جائے گا جبکہ سندھ بھر میں ایم کیو ایم کے زونل دفاتر، صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کے صوبائی دفاتر میں بھی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے اور مرحومہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 22ویں برسی کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات میں بھرپور شرکت کریں۔

ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔3نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یوسی 2 کے پختون کارکن عبدالربّی کی ہمشیرہ، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن آصف کی والدہ محترمہ فاطمہ بیگم اور اولڈ گولیمار یونٹ کے کارکن اختر حسین کی والدہ حاجرہ بی بی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

سوات سے تعلق رکھنے والے پختون نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی ۔۔۔3نومبر 2007ء

سوات سے تعلق رکھنے والے قصبہ کالونی سائٹ ٹاؤن کے رہائشی پختون نوجوانوں اور بزرگوں کی بڑی تعداد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے ۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت سائٹ ٹاؤن یوسی 9 میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا ۔اجتماع میں ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم ،سائٹ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہارالدین کے علاوہ سوات برادری کے معززین نے بھی شرکت کی ۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست ٹاؤن ناظم اظہارالدین نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے تمام مظلوم ،محکوم اور مجبور قوموں کو نہ صرف متحد کیا بلکہ انہیں ایم کیوایم کی شکل میں ایسا پلیٹ فارم بھی فراہم کیا ہے جہاں تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے جائز حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے حق پرست عوامی نمائندوں کو عوام کی بلاامتیاز خدمت کا درس دیا ہے اور حق پرست عوامی نمائندے جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق عوام کی بے لوث اور عملی خدمت میں مصروف ہیں ۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت نے کراچی میں ترقیاتی وتعمیراتی کاموں کی بھرمار کرکے کراچی کا نقشہ تبدیل کردیا ہے اور اب کراچی کا شمار دنیا کے ترقی یافتہ شہروں میں کیا جاتا ہے ۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ شمولیت کا اعلان کرنے والے پختون نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی ۔

☆☆☆☆☆